چاہتے ہیں؟ کتاب کا ٹائٹل خوبصورت، کاغذ اعلیٰ، طباعت سلیقہ اور معیار کی ہے۔

۲-تعلیمات نبوی اور آج کے زندہ مسائل، مؤلف: سید عزیز الرحمٰن، ناشر: القلم، فرحان ٹیرس، ناظم آباد نمبر: ۲، کراچی۔ صفحات: ۲۱۶، قیمت: ۲۴۰۔

سید عزیز الرحمٰن ایک منجھے ہوئے قلمکار کے طور پر ابھرے ہیں۔ زیر نظر کتاب رسول اکرم ﷺ کی سیرت اور تعلیمات پر ان کے سات گراں قدر مقالات کا مجموعہ ہے۔ جس میں انہوں نے سیرت نگاری کے مروج اسلوب سے ہٹ کر، رسول اکرم ﷺ کی قولی و عملی تعلیمات سے عصر حاضر کے اخلاقی، روحانی اور سلگتے ہوئے معاشرتی اور سیاسی مسائل کا حل پیش کر کے، خردمندی کے چراغ روشن کئے ہیں۔ ان کے کام کا اسلوب، فکری جمود میں مبتلا، ایک ناقل سیرت نگار کی طرح محض جمع و ترتیب کا نہیں۔ بلکہ انہوں نے سیرت نبویہ سے عالمگیر اخلاقی امراض اور معاشرتی، تعلیمی اور سیاسی مسائل کا حل پیش کر کے ایک ایسے وسیع المطالعہ سیرت نگار کی حیثیت سے کام کیا ہے، جو اپنے اردگرد پھیلے ہوئے وسیع معاشرے کے مسائل پر نگاہ رکھنے کے ساتھ، عالمی سطح پر رونما ہونے والے اخلاقی اور سیاسی بحرانوں پر بھی گہری نظر رکھتا ہے۔ اس حوالہ سے زیر تبصرہ مجموعہ کے دو مقالات ''عصر حاضر میں مذہبی انتہا پسندی کا رجحان اور اس کا خاتمہ تعلیمات نبوی کی روشنی میں'' نیز ''عدم برداشت اور بین الاقوامی رجحان اور تعلیمات نبوی'' پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے، جو انسان کو انسانیت کے ساتھ جینے کا سلیقہ سکھاتا ہے اور ہر قدم پر اس کی رہنمائی کرتا ہے کہ زندگی کیسے گزارنی ہے، کاروبار کیسے کرنا ہے، تعلیم و تربیت کیسی کرنی ہے، سیاست و حکومت کون سے خطوط پر استوار ہونی چاہیے؟ آیۂ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول اور طرز عمل سے انفرادی اور اجتماعی زندگی کے ایسے تمام معاملات میں لحہ لحہ کے لئے روشن ہدایات فراہم کی ہیں۔ اس حوالہ سے مؤلف نے مختلف عنوانات کے تحت انفرادی زندگی سے لے کر سیاست و حکومت تک مرکزی اور بنیادی مسائل کو موضوع بحث بنا کر بتایا ہے کہ نبوی تعلیمات کس طرح قدم قدم پر انسان کی رہنمائی کرتی ہیں؟ کتاب میں شامل تمام مقالات تفصیلی تبصرہ چاہتے ہیں، اس کالم میں زیادہ تفصیل کی گنجائش نہیں۔ مقالات کے عنوانات ہیں: (۱) تعمیر شخصیت وفلاح انسانیت، اطاعت رسول ﷺ اور سیرت طیبہ کی روشنی میں۔ (۲) استحکام پاکستان کے لئے بہترین رہنمائی سیرت طیبہ سے۔ (۳) عدم برداشت کا قومی اور بین الاقوامی رجحان اور تعلیمات نبوی۔ (۴) بے لاگ احتساب سیرت طیبہ کی روشنی میں۔ (۵) پاکستان کے لئے مثالی نظام تعلیم کی تشکیل، تعلیمات نبوی کی روشنی میں، (۶) نئے عالمی نظام کی تشکیل اور امت مسلمہ کی ذمہ داریاں، تعلیمات نبوی کی روشنی میں۔ (۷) عصر حاضر میں مذہبی انتہا پسندی کا رجحان اور اس کا خاتمہ، تعلیمات نبوی کی روشنی میں۔

یہ مقالات وزارت مذہبی امور کے تحت منعقد ہونے والی سالانہ قومی سیرت کانفرنسوں میں پیش کئے گئے تھے، جن پر مؤلف کو سیرت ایوارڈ بھی دیا گیا۔ کتاب کی طباعت بہت عمدہ اور کاغذ معیاری ہے۔ ☆......☆